حضرت مولانا سید منت اللہ رحمانیؒ

مولانا سید منت اللہ رحمانی /7 اپریل 1913ء کو مونگیر بہار کے مشہور بزرگ عالم ربانی اور صوفی حضرت مولانا محمد علی مونگیری کے گھر پیدا ہوئے اور /19 مارچ 1991ء میں آپ کی وفات ہوئی۔

حیدرآباد، دارالعلوم ندوۃ العلماء سے تعلیم حاصل کی اور بالآخر دارالعلوم دیوبند سے سند فضیلت حاصل کی، آپ کے اساتذہ میں حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی، حضرت مولانا اصغر حسین دیوبندی، حضرت مفتی محمد شفیع دیوبندی اور علامہ ابراہیم بلیاوی بہت مشہور ہیں۔

آپ کی شناخت نہ صرف ایک عالم دین کی تھی، بلکہ آپ ایک باحوصلہ عالم دین کے علاوہ ملی قائد ورہنما، بابصیرت سیاستدان اور روحانی فیض رساں عالم ربانی بھی تھے، آپ نے بیک وقت جامعہ رحمانی اور خانقاہ رحمانی کی علمی وروحانی آبیاری کی، تو دوسری طرف امارت شرعیہ اور آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے پلیٹ فارم سے سماجی، ملی اور قانونی خدمات انجام دیں۔

آپ نے بزرگوں کے مشورہ سے آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ قائم کرکے مسلمانان ہند کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا اور ہند میں رہنے کا ایک نیا حوصلہ اور عزم دیا جو آج تک قائم ہے۔

☆☆☆